19 جنوری، 2012

اسٹیٹ بینک کے سینٹرل بورڈ کی جانب سے مانیٹری پالیسی کے اعلان کے شیڈول میں تبدیلی کا فیصلہ

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے سینٹرل بورڈ آف ڈائریکٹرز نے مانیٹری پالیسی سے متعلق اپنے اجلاسوں کے شیڈول میں تبدیلی کا فیصلہ کیا ہے جس کے مطابق یہ اجلاس اب ہر دوسرے مہینے (alternate month) کے آخری ہفتے کے بجائے اس کے اگلے مہینے (following month) کے پہلے دو ہفتوں میں منعقد کیے جائیں گے۔

بورڈ کے اجلاسوں کے شیڈول میں یہ تبدیلی گرانی سے متعلق وفاقی ادارہ شماریات کے جاری کردہ تازہ ترین اعداد و شمار جو اب مہینے کے دوسرے ہفتے کے بجائے آغاز پر ہی دستیاب ہو جاتے ہیں، کو زیر غور لانے کی غرض سے کیا گیا ہے۔

واضح رہے کہ مانیٹری پالیسی سے متعلق بورڈ کے اجلاس جنوری، مارچ، مئی، جولائی، ستمبر اور نومبر کے آخری ہفتے میں منعقد کیے جاتے تھے جو اب فروری، اپریل، جون، اگست، اکتوبر اور دسمبر کے پہلے دو ہفتوں میں منعقد کیے جائیں گے۔

فروری اور اگست میں مانیٹری پالیسی بیانات کا اعلان گورنر، اسٹیٹ بینک آف پاکستان پریس کانفرنس کے ذریعے کریں گے جبکہ اپریل، جون، اکتوبر اور دسمبر میں بقیہ چار مانیٹری پالیسی بیانات کا اعلان پریس ریلیز کے ذریعے کیا جائے گا۔

گورنر، اسٹیٹ بینک آف پاکستان جناب یاسین انور فروری اور مارچ 2012 کے مہینوں کے لئے مانیٹری پالیسی بیان کا اعلان 11 فروری، 2012 کو سہ پہر 4 بجے اسٹیٹ بینک آف پاکستان، کراچی میں ایک پریس کانفرنس میں کریں گے۔

[☆☆☆]